Dar-ul-Andlus

صُبح وشام
کے اذکار

اذکارِ مسنونہ کا مستند ایڈیشن

Dar-ul-Andlus
اسلام کی نشرواشاعت کا عالمی مرکز
- 4-لیک روڈ چوبرجی لاہور 042-37230549
- غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور 042-37242314

Ph: 042-35062910, Mob: 0322-4006412
Fax: 042-37150407

E.mail: dar_ul_andlus@yahoo.com

darulandlus1
Dar_ul_Andlus

بسم اللہ الرحمن الرحیم

1 آیۃ الکرسی پڑھنے والا شخص جنّات سے محفوظ ہوجاتا ہے۔ [مستدرک حاکم: 562/1، ح: 2064]

﴿اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ......﴾ [البقرۃ: 255] صبح وشام (1 مرتبہ)

* * *

2 مندرجہ ذیل سورتوں کی تلاوت ہر چیز سے کافی ہو جاتی ہے۔

﴿قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ...﴾ ﴿قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ...﴾

﴿قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ...﴾ [أبو داؤد: 5082] صبح وشام (3،3 مرتبہ)

* * *

3 رسول اللہ ﷺ نے فرمایا" جو شخص فجر کی نماز کے بعد اور مغرب کی نماز کے بعد مندرجہ ذیل کلمہ توحید دس مرتبہ پڑھے تو اس کے نامۂ اعمال میں دس نیکیاں لکھ دی جاتی ہیں اور دس برائیاں معاف کی جاتی ہیں اور دس درجات بلند کیے جاتے ہیں اور یہ دعا بنی اسماعیل میں سے دس غلام آزاد کرنے کے برابر ہے، یہ دعا پڑھنے والا صبح سے شام تک شیطان سے محفوظ رہتا ہے: لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ.

[أبو داؤد: 5077] صبح وشام (10 مرتبہ) اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں، اکیلا ہے کوئی اس کا شریک نہیں۔ اسی کے لئے بادشاہی ہے اور اسی کی حمد ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

* * *

4 بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ. [أبو داؤد: 5088۔ ترمذي: 3388] صبح وشام (3 مرتبہ)

اللہ کے نام کے ساتھ جس کے نام کے ساتھ زمین و آسمان میں کوئی چیز نقصان نہیں پہنچاتی اور وہی سننے والا جاننے والا ہے۔

5 جو شخص شام کے وقت یہ دعا تین مرتبہ پڑھے، اسے اس رات زہریلے جانور کا ڈنک

نقصان نہیں پہنچائے گا [مسلم: 2709 ۔ مسند أحمد: 2/290، ح: 7917]

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ. شام کے وقت (3 مرتبہ)

میں اللہ کے کامل کلمات کی پناہ پکڑتا ہوں اس چیز کے شر سے جو اس نے پیدا کی ۔

* * *

⑥ **اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ بَدَنِيْ، اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ سَمْعِيْ، اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ بَصَرِيْ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ، اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْكُفْرِ وَالْفَقْرِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ.** [أبو داؤد: 5090]

اے اللہ! مجھے میرے جسم میں عافیت دے، اے اللہ! مجھے میرے کانوں میں عافیت دے، اے اللہ! مجھے میری آنکھوں میں عافیت دے، تیرے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں، اے اللہ! میں کفر اور فقر سے تیری پناہ چاہتا ہوں اور عذابِ قبر سے تیری پناہ چاہتا ہوں، تیرے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں ۔ صبح وشام (3 مرتبہ)

* * *

⑦ صبح کی نماز سے اشراق تک مسلسل ذکر کرنے سے یہ کلمات کہنا زیادہ وزنی ہے :

سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ عَدَدَ خَلْقِهٖ وَرِضَا نَفْسِهٖ وَزِنَةَ عَرْشِهٖ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهٖ. [مسلم : 2726]

اللہ پاک ہے اور اپنی تعریف کے ساتھ ہے اپنی مخلوق کی گنتی کے برابر اور اپنے نفس کی رضا کے برابر اور اپنے عرش کے وزن کے برابر اور اپنے کلمات کی سیاہی کے برابر۔ صبح کے وقت (3 مرتبہ)

* * *

⑧ **اَصْبَحْنَا (اَمْسَيْنَا) عَلٰى فِطْرَةِ الْاِسْلَامِ وَكَلِمَةِ الْاِخْلَاصِ وَعَلٰى دِيْنِ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ ﷺ وَعَلٰى مِلَّةِ اَبِيْنَا اِبْرَاهِيْمَ حَنِيْفًا مُّسْلِمًا وَّمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ.** [صحيح الجامع: 4/209 ۔ مسند أحمد: 3/406، ح: 15366] صبح وشام (1 مرتبہ)

ہم نے صبح (شام) کی فطرتِ اسلام اور کلمہ اخلاص پر اور اپنے نبی ﷺ کے دین پر اور اپنے باپ ابراہیم علیہ السلام حنیف فرمانبردار کی ملت پر اور وہ مشرک نہیں تھے۔ (1 مرتبہ)

⑨ اَصْبَحْنَا وَاَصْبَحَ الْمُلْكُ (اَمْسَيْنَا وَاَمْسَى الْمُلْكُ) لِلّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ، رَبِّ اَسْئَلُكَ خَيْرَ مَا فِيْ هٰذَا الْيَوْمِ (هٰذِهِ اللَّيْلَةِ) وَخَيْرَ مَا بَعْدَهٗ (مَا بَعْدَهَا) وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا فِيْ هٰذَا الْيَوْمِ (هٰذِهِ اللَّيْلَةِ) وَشَرِّ مَا بَعْدَهٗ (مَا بَعْدَهَا) رَبِّ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْكَسَلِ وَسُوْءِ الْكِبَرِ، رَبِّ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ النَّارِ وَعَذَابٍ فِي الْقَبْرِ. [مسلم: 2723] صبح وشام (1 مرتبہ)

* * *

ہم نے صبح کی (شام کی) اور اللہ کے ملک نے صبح کی (شام کی) اور تمام تعریف اللہ کے لیے ہے۔ اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسی کے لیے بادشاہی ہے اور اسی کے لیے حمد ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اے میرے رب! اس دن میں (اس رات میں) جو خیر ہے اور اس کے بعد میں جو خیر ہے میں اس کا تجھ سے سوال کرتا ہوں اور اس دن کے (اس رات کے) شر سے اور اس کے بعد والے کے شر سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔ اے میرے رب! میں سستی اور بڑھاپے کی برائی سے تیری پناہ چاہتا ہوں، اے میرے رب! میں آگ کے عذاب اور قبر کے عذاب سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

* * *

⑩ اَللّٰهُمَّ بِكَ اَصْبَحْنَا وَبِكَ اَمْسَيْنَا (اَمْسَيْنَا وَبِكَ اَصْبَحْنَا) وَبِكَ نَحْيَا وَبِكَ نَمُوْتُ وَاِلَيْكَ النُّشُوْرُ (الْمَصِيْرُ). [ترمذي: 3391] صبح وشام (1 مرتبہ)

اے اللہ! تیرے (نام کے) ساتھ ہم نے صبح (شام) کی اور تیرے ساتھ ہم نے شام (صبح) کی اور تیرے ساتھ ہم زندہ ہیں اور تیرے (نام کے) ساتھ ہم مریں گے اور تیری طرف ہی اٹھ (لوٹ) کر جانا ہے۔

* * *

⑪ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَصْبَحْتُ (اَمْسَيْتُ) اُشْهِدُكَ وَاُشْهِدُ حَمَلَةَ عَرْشِكَ وَمَلٰٓئِكَتَكَ وَجَمِيْعَ خَلْقِكَ اَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ.

[أبو داوٗد: 5078, 5069]

صبح وشام (4 مرتبہ)

اے اللہ! میں نے اس حال میں صبح (شام) کی کہ میں تجھے گواہ بناتا ہوں اور تیرا عرش اٹھانے والوں کو، تیرے فرشتوں کو اور تیری تمام مخلوق کو گواہ بناتا ہوں کہ تو ہی اللہ ہے اور تیرے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں، تو اکیلا ہے تیرا کوئی شریک نہیں اور بیشک محمد ﷺ تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں۔

* * *

⑫ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ، اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِىْ دِيْنِىْ وَدُنْيَاىَ وَاَهْلِىْ وَمَالِىْ، اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِىْ وَاٰمِنْ رَّوْعَاتِىْ، اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِىْ مِنْ بَيْنِ يَدَىَّ وَمِنْ خَلْفِىْ وَعَنْ يَّمِيْنِىْ وَعَنْ شِمَالِىْ وَمِنْ فَوْقِىْ وَاَعُوْذُ بِعَظَمَتِكَ اَنْ اُغْتَالَ مِنْ تَحْتِىْ. [أبو داوٗد: 5074۔ ابن ماجه: 3871]

اے اللہ! میں تجھ سے دنیا اور آخرت میں معافی اور عافیت کا سوال کرتا ہوں، اے اللہ! میں اپنے دین، اپنی دنیا اور اپنے اہل اور اپنے مال میں تجھ سے معافی اور عافیت کا سوال کرتا ہوں، اے اللہ! میری پردے والی چیزوں پر پردہ ڈال دے اور میری گھبراہٹوں کو امن میں رکھ۔ اے اللہ! میرے سامنے سے، میرے پیچھے سے میری دائیں طرف، سے میری بائیں طرف سے اور میرے اوپر سے میری حفاظت کر اور اس بات سے میں تیری عظمت کی پناہ چاہتا ہوں کہ اپنے نیچے سے ہلاک کیا جاؤں۔

صبح وشام (1 مرتبہ)

* * *

⑪ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَصْبَحْتُ (اَمْسَيْتُ) اُشْهِدُكَ وَاُشْهِدُ حَمَلَةَ عَرْشِكَ وَمَلٰٓئِكَتَكَ
وَجَمِيْعَ خَلْقِكَ اَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ وَاَنَّ مُحَمَّدًا
عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ. [أبو داؤد: 5078, 5069] صبح وشام (4 مرتبہ)

اے اللہ! میں نے اس حال میں صبح (شام) کی کہ میں تجھے گواہ بناتا ہوں اور تیرا عرش اٹھانے والوں کو، تیرے فرشتوں کو اور تیری تمام مخلوق کو گواہ بناتا ہوں کہ تو ہی اللہ ہے اور تیرے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں، تو اکیلا ہے تیرا کوئی شریک نہیں اور بیشک محمد ﷺ تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں۔

* * *

⑫ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ، اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ
اَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِيْ دِيْنِيْ وَدُنْيَايَ وَاَهْلِيْ وَمَالِيْ، اَللّٰهُمَّ
اسْتُرْ عَوْرَاتِيْ وَاٰمِنْ رَّوْعَاتِيْ، اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِيْ مِنْ بَيْنِ يَدَيَّ وَمِنْ
خَلْفِيْ وَعَنْ يَّمِيْنِيْ وَعَنْ شِمَالِيْ وَمِنْ فَوْقِيْ وَاَعُوْذُ بِعَظَمَتِكَ اَنْ
اُغْتَالَ مِنْ تَحْتِيْ. [أبو داؤد: 5074۔ ابن ماجه: 3871]

اے اللہ! میں تجھ سے دنیا اور آخرت میں معافی اور عافیت کا سوال کرتا ہوں، اے اللہ! میں اپنے دین، اپنی دنیا اور اپنے اہل اور اپنے مال میں تجھ سے معافی اور عافیت کا سوال کرتا ہوں، اے اللہ! میری پردے والی چیزوں پر پردہ ڈال دے اور میری گھبراہٹوں کو امن میں رکھ۔ اے اللہ! میرے سامنے سے، میرے پیچھے سے، میری دائیں طرف، سے میری بائیں طرف سے اور میرے اوپر سے میری حفاظت کر اور اس بات سے میں تیری عظمت کی پناہ چاہتا ہوں کہ اپنے نیچے سے ہلاک کیا جاؤں۔

صبح وشام (1 مرتبہ)

* * *

صبح وشام کے اذکار

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص یہ دعا پڑھے اور شام سے پہلے مر جائے وہ شخص جنتی ہے، اور جو رات کو پڑھے اور صبح ہونے سے پہلے مر جائے وہ جنتی ہے :

⑬ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰی عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَیَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْ لِیْ فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ. [بخاري: 6306]

اے اللہ ! تو ہی میرا رب ہے تیرے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں ۔ تو نے مجھے پیدا کیا اور میں تیرا بندہ ہوں اور میں تیرے عہد اور وعدے پر (قائم) ہوں، جس قدر طاقت رکھتا ہوں، میں نے جو کچھ کیا اس کے شر سے تیری پناہ چاہتا ہوں، اپنے آپ پر تیری نعمت کا اقرار کرتا ہوں اور اپنے گناہ کا اعتراف کرتا ہوں پس مجھے بخش دے کیونکہ تیرے سوا کوئی گناہوں کو نہیں بخش سکتا۔

صبح وشام (1 مرتبہ)

* * *

⑭ اَللّٰهُمَّ عَالِمَ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبَّ كُلِّ شَیْءٍ وَّمَلِیْكَهٗ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَمِنْ شَرِّ الشَّیْطَانِ وَشِرْكِهٖ وَاَنْ اَقْتَرِفَ عَلٰی نَفْسِیْ سُوْٓءًا اَوْ اَجُرَّهٗ اِلٰی مُسْلِمٍ.

[أبو داؤد: 5074 ۔ ابن ماجه: 3871]

صبح وشام (1 مرتبہ)

اے اللہ ! اے غیب اور حاضر کو جاننے والے، آسمانوں اور زمینوں کو پیدا کرنے والے، ہر چیز کے پروردگار اور مالک ! میں شہادت دیتا ہوں کہ تیرے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں ۔ میں تیری پناہ مانگتا ہوں اپنے نفس کے شر سے اور شیطان کے شر سے اور اس کے شرک سے اور اس بات سے کہ میں اپنے نفس پر برائی کا ارتکاب کروں یا کسی مسلم سے برائی کروں۔

* * *

صبح وشام کے اذکار

Dar-ul-Andlus

مندرجہ ذیل کلمات پڑھنے سے اللہ تعالیٰ اسے دنیا وآخرت کے ان تمام کاموں کے لیے کافی ہوجاتا ہے جو اسے فکر مند کرتے ہیں:

⑮ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ.

مجھے اللہ ہی کافی ہے اس کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں، میں نے اسی پر بھروسہ کیا اور وہ عرش عظیم کا رب ہے۔ [أبو داؤد: 5081] صبح وشام (7 مرتبہ)

⑯ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ أَسْتَغِيْثُ أَصْلِحْ لِیْ شَأْنِیْ كُلَّهٗ وَلَا تَكِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَةَ عَيْنٍ.

[مستدرک حاکم: 1/545، ح: 2000] صبح وشام (1 مرتبہ)

* * *

⑰ رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ نَّبِيًّا.

[مسند أحمد: 4/337، ح: 18992۔ ترمذي: 3389] صبح وشام (3 مرتبہ)

* * *

⑱ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ. [مسلم: 2702 بخاري: 6307]

پورے دن میں (100 مرتبہ)

* * *

جو شخص درج ذیل کلمات پڑھے گا اس کے عمل سے کسی کا عمل افضل نہیں ہوگا اور اس کے صغیرہ گناہ بخشش دیے جائیں گے اگرچہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں۔

⑲ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ. [مسلم: 2692] صبح وشام (100 مرتبہ)

* * *

⑳ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ. صبح وشام (10 مرتبہ)

[نسائی: 1293 ۔ مجمع الزوائد: 10/120، ح: 17022]

نوٹ! شام کے اذکار میں خط کشیدہ الفاظ کی جگہ بریکٹ کے اندر والے الفاظ پڑھے جائیں۔